13/07/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

۔ اب آپ سید مبشر رفاعی سے خبریں سُنیے۔

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈلائینز

* ........انصاف فراہم کرنے کے ایک تواریخی قدم کے طور پر لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے دہشت گردی کے شکار افراد کے لواحقین کو سونپے تقرری کے خط ۔

* ........صدرجمہوریہ درو پدی مرمو نے چار اہم شخصیات کو راجیہ سبھا کیلئے کیا نامزد// وزیر اعظم نریندر مودی کی شخصیات مبارکباد۔

* ........چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے نیشنل ہائی ویز لاجسٹکس منیجمنٹ لمیٹیڈ کے ذریعے قائم کئے جانے والے بنیادی ڈھانچے کے خاص پروجیکٹوں کے طریقہ کار کا ایک میٹنگ میں لیا جائزہ

اور

* ........سخت حفاظتی بندو بست کے بیچ سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا خوش اسلوبی سے جاری // اب تک تقریباًدو لاکھ یاتریوں کے پوتر گپھا میں درشن۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہانے بارہمولہ میں آج ایک تقریب پر دہشت گردی کے شکار افراد کے نزدیکی لواحقین کو تقرری کے خط سونپے۔اس موقعے پر اپنے خطاب میں لیفٹنٹ گورنرنے ان متاثرہ کنبوں کی پریشانیوں کا ذکر کیا اور کہا کہ ان لوگوں کوفراموش کیا گیا تھا اور یہ دہائیوں سے خاموشی سے مصیبت جھیل رہے تھے۔لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ ان متاثرہ افراد جنہیں پاکستان کی حمایت والے دہشت گردوں نے بے رحمی سے مار ڈالا تھا ، کی داستانیں منظر عام پر لائی جا رہی ہیں۔ آج کے اقدام کو جموں کشمیر کے ہزاروں معصوم شہریوں کے احترام کو تسلیم کئے جانے کا تواریخی قدم قرار دیتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پر عزم ہیں کہ ایسے کنبوں کو وہ انصاف اور مدد مل سکے جس کے وہ حقدار ہیں۔

....................

لیفٹنٹ گورنرنے یہ بھی کہا کہ دہشت گردی کے شکار کنبوں کے بار ے میں حقیقت کو جان بوجھ کر دبایا گیا تھا اور کوئی بھی شخص ان کے آنسو نہیں پونچھ سکا ، جبکہ ہر کوئی یہ جانتا ہے کہ ان ہلاکتوں میں پاکستان کے دہشت گرد ملوث تھے۔انہوں نے تنازعہ کھڑا کرنے والوں کو کڑی وارننگ دی اور ان سے کہا کہ وہ ملک کی سالمیت اور اقتدار اعلیٰ کو نقصان پہنچانے کے بیانیہ پر روک لگائیں ۔انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں دہشت گردانہ تنظیموں کے پرچار کوپھیلا کر تنازعہ کھڑا کرنے والے سودا گر خون اور پسینے سے قائم کئے گئے امن کو درہم برہم کر رہے ہیں۔

.........................

ان افراد خانہ، جو سالہاسال سے انصاف اور نوکری کے منتظر ہیں کی دہلیزوں پر پہنچنے کے عزم کا اظہا رکرتے ہوئے ،منوج سنہا نے کہا کہ ایسے لوگوں کی باز آباد کاری اور نوکری کیلئے تمام انتظامات کو یقینی بنایاجائے گا۔

انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے شکار افراد کی شکایات درج کرانے کیلئے ضلعوں میں ہیلپ لائنیں قائم کی گئی ہیں اور ان کے ذریعے 90کی دہائی کی سینکڑوں شکایات بھی موصو ل ہو رہی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کئی کیسوں میں FIR تک درج نہیں کی گئی تھی جبکہ زمین پر قبضہ کیا گیا تھا نیز جائیداد کو تباہ کیا گیا تھا ۔ انہوں نے قصور واروں کو نہ بخشنے کا لوگوں کو یقین دلایا۔

شاہین

جنتا دل یونائیٹڈ کے جموں کشمیر صدر جی ایم شاہین نے دہشت گردی کے شکار افراد کو انصاف فراہم کرنے کیلئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے اقدام کی ستائش کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے جموں کشمیر کے لوگوں کیلئے اس سے ایک تواریخی اور جذباتی لمحہ قرار دیا ہے۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے ممتاز وکیل اُجول نکم ، سماجی کارکن سی سدا نندن ، سابق خارجہ سیکریٹری ہرش وردھن شرنگلا اور تاریخ دان و ماہر تعلیم ڈاکٹر میناکشی جین کو راجیہ سبھا کیلئے نامزد کیا ہے۔داخلی امور کی وزارت نے اپنی ایک نوٹیفکیشن میں اس فیصلے کے بارے میں مطلع کیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے سلسلہ وار میڈیا پوسٹ پر ان سبھی کو راجیہ سبھا کیلئے نامزد کئے جانے پر مبارکباد دی ہے۔انہوں نے راجیہ سبھا کیلئے نامزد کئے جانے والے چاروں شخصیات کی گراں قدر خدمات کیلئے ان کی تعریف کی ہے۔

خراج

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے 13جولائی1931کو جان بحق ہوئے 22کشمیریوں کو شاندارا لفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔اپنے آفیشل ایکس ہینڈل پر جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہاکہ ان افراد نے حق و انصاف اور جمہوریت کی سر بلندی کیلئے اپنی جانیں نچھاور کیں ۔ صد PDP نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے دیگر لیڈران کے علاوہ رمحبوبہ مفتی اور پارٹی کے کئی لیڈروں نے بھی ان جان بحق کشمیر یوں کو عقیدت کا خراج پیش کیا ہے ۔ یہ22افراد آستان عالیہ خواجہ نقشبند صاحب ؒ خواجہ بازار سرینگرکے صحن میں مدفون ہیں۔

پون شرما

جموں کشمیر کے سینئر لیڈر پون شرما نے کہاہے کہ 13جولائی1931کے تاریخی حقائق BJP کو مسخ کرکے پیش کیاجاتاہے ۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے حالیہ بیان کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے نیشنل ہائی ویز لاجسٹکس منیجمنٹ لمیٹیڈ کے ذریعے قائم کئے جانے والے اہم پروجیکٹوں جن میں  انٹر ماڈل اسٹیشن ، روپ ویز ، ملٹی ماڈل لاجسٹکس پارکس وغیرہ شامل ہینکے طریقہ کار کے بارے مینآج ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ چیف سیکریٹری نے ہدایت دی کہ ان اہم پروجیکٹوں پر در پیش رکاوٹوں کو جلد از جلد دو ر کیا جائے تاکہ ان پر جلد NHLML  از جلد تعمیراتی کام شروع ہو سکے ۔پروجیکٹوں کے تعلق سے نے جانکاری دی کہ کٹرہ میں قائم کئے جانے والا انٹر ماڈل اسٹیشن ، شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن پر لگ بھگ ڈھائی کروڑ یاتریوں کے کام آئے گا ۔ اس کے علاوہ ایک اعشاریہ صفر پانچ کلو میٹر لمبا شنکر اچاریہ ٹیمپل روپ وے پروجیکٹ قائم کرنے کا بھی منصوبہ ہے جس پر ایک ارب9کروڑ روپے

لاگت آنے کاتخمینہ ہے ۔ اس روپ وے پروجیکٹ کے تحت فی گھنٹہ سات سو افراد کو سفر کرنے کی سہولت میسر ہوگی اور یہ پروجیکٹ دو سال میں مکمل کئے جانے کا نشانہ ہے ۔

ڈلو

ادھرچیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج بالتل بیس کیمپ کا دورہ کیا اوروہاں جاری امر ناتھ یاترا کے سلسلے میں انتظامات کا بر سر موقعہ جائزہ لیا۔ انہوں نے سول اور پولیس انتظامیہ کے ساتھ ساتھ دیگر منسلک محکموں کے سینئر افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کی بھی صدارت کی جس کا مقصد یاتریوں کو فراہم کی جا رہی مختلف سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ میٹنگ میں بلا رکاوٹ اور آرام دہ یاتر اکو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز رہی ۔ چیف سیکریٹری نے سلامتی اور ٹریفک منیجمنٹ پلان کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

........................

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میںایکصحافی ارشد میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل ایپلیکشن نیوز آن

یاترا

سخت حفاظتی بندو بست کے بیچ سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جا ری ہے اور آج شام چار بجے تک 15ہزار138 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی تھی۔

اس طرح سے اب تک تقریبا دو لاکھ یاتری شیولنگم کے درشن کر چکے ہیں۔

دریں اثناءجموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح مزید7ہزار49 یاتریوں کا ایک اور جتھا وادی کی طرف روانہ ہوا تھا۔

دیویانی

ادھر بھارتیہ جنتا یوا مورچہ جمونکشمیر کی نائب صدر دیویانی رانا نے آج امر ناتھ گپھا میں شیو لنگم کے درشن کئے ۔ انہوننے یاتریوں کی سلامتی اور آرام کیلئے بہتر تال میل کے خاطر شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ، یو ٹی انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی خدمات کو سراہا۔

تاثرات

دریں اثناءیاتریوں کو کھانے پینے کی بہتر سہولیات دستیاب رکھنے کیلئے معقول انتظامات کئے گئے ہیں اور اس مقصد کیلئے جگہ جگہ پر سٹال قائم کئے گئے ہیں۔اس تعلق سے کئی سٹال ہولڈروں نے آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا

---Yatrie----

سیاح

اس بیچ ایک غیر ملکی یاتری جس کا تعلق یو کرین سے ہے نے آکاشوانی سرینگر سے گفتگو کرتے ہوئے امر ناتھ یاترا اور وادی کی خوبصورتی کایوں ذکر کیا۔

...................

رئیحانہ حبیب

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی میں سینئر سائنسدان اور ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے باغ مالکان کو مشورہ دیا ہے کہ فصلوں میں بیماری اور جراثیم کی موجودگی کی صورت میں وہ اپنے نزدیکی کرشی وگیان کیندروں سے رابطہ کر

سکتے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایسے باغ مالکان ہر ضلع میں موجود کرشی وگیان کیندروں کے ذریعے اپنے فصلوں کامعائینہ کروا سکتے ہیں۔

....................

ست شرما

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے آج سر حدی ضلع سچیت گڑھ میں ایک پارٹی میٹنگ سے خطاب کیا ۔ میٹنگ کے دوران انہوننے پارٹی ورکروں پر زور دیاکہ وہ کوبنیادی سطح پر مضبوط کرنے کیلئے کام کریں۔BJP

اطلاع

سماج کو در پیش مختلف مسائل اور ان کے سماجی حل پر مبنی آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوگا۔ پروگرام کے مہمان ہیں جموں کشمیر کے مفتی اعظم ، مفتی ناصر الاسلام ۔

ان کے ساتھ ہم کلامہوں گے شعبہ خبر کے سربراہ طار ق راتھر۔

مہم

بھارتی فوج کا Forever in operations Diviosn Moutain Terrain Bicycle Expedition کل اختتام پذیر ہو گیا ہے ۔ یہ مہم پچھلے ماہ کی 25تاریخ کو سیاچن بیس کیمپ کی بر فانی چوٹیوں سے شروع ہوئی تھی اور یہ680کلو میٹر کا سفر طے کرکے دراس کے کرگل وار میموریل پر ختم ہوگئی۔

جتندر سنگھ

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے آج نئی دلی میں ایک تقریب پر ملک بھر سے تعلق رکھنے والے سرکردہ میڈکل پیشہ وروں کو اعزازات سے نوازا ۔اس تقریب کا اہتمام انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے ڈاکٹرس ڈے ایوارڈس 2025کے تعلق سے کیا تھا ۔

**جے شنکر**

**وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج سنگا پور کے اپنے ہم منصب وویان بالا کرشنن سے ملاقات کی اور دو طرفہ اشتراک و تعاون کی پیشرفت کا جائزہ لیا.ایک سوشل میڈیا پوسٹ پرڈاکٹر جے شنکر نے،جو کہ سنگا پور کے دورے پر ہیں نے کہا کہ سنگا پور ، بھارت کی مشرق نواز پالیسی میں ایک کلیدی حیثیت رکھتا ہے. سنگا پور کے اپنے دورے کے بعد وزیر خارجہ چین کے شہر تیان جن جائیں گے جہاں وہ شنگھائی تعاون کونسل کے تحت وزراءخارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے.**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے .**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت18اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا.**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس تھا.**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر30 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر44منٹ پر ہو گا.**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا.**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا.**

**ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ**